306

اردو(Urdu)

سینئر سیکنڈری کورس

کل نمبر:20

نوٹ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) افسانوی اور غیر افسانوی ادب میں فرق بیان کیجیے۔ (L.N.1)

یا

(ب) عصمت چغتائی کے طرز بیان پر روشنی ڈالیے۔(L.N.4)

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) 'دروازے کھول دو' ڈرامے میں کون سا کردار آپ کو پسند ہے وضاحت کیجیے۔ (L.N.6)

یا

(ب) نظم کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔ (L.N.11)

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) ساحر لدھیانوی کی نظم پرچھائیاں کا مرکزی خیال لکھیے۔ (L.N.13)

یا

(ب) نظم خاک وطن میں شاعر نے حب الوطنی کو کس طرح پیش کیا ہے لکھیے۔ (L.N.15)

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(الف) غزل کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔ (L.N.16)

یا

(ب) نظم کی دیگر اصناف کا جائزہ لیجیے اور اُس میں کون سی اصناف شامل ہیں لکھیے۔ (L.N.23)

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(الف)

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے
پیام بر نہ میّسر ہوا تو خوب ہوا
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے (L.N.20)

i. مندرجہ بالا اشعار کا مطلب لکھیے
ii. مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کے ہیں؟ نام لکھیے
iii. اپنی پسند کا کوئی شعر لکھیے
iv. غزل کی تعریف کیجیے

یا

دروازے پر پنجرے میں طوطا ہوگا
جھوٹے برتن گھر میں کوئی دھوتا ہوگا
اب بھی گاؤں میں نوٹنکی آتی ہوگی
کٹھ پتلی کا کھیل اب بھی ہوتا ہوگا (L.N.22)

i. مندرجہ بالا اشعار کا مطلب لکھیے
ii. اپنی پسند کے دو اشعار لکھیے
iii. غزل اور قطع میں کیا فرق ہے لکھیے
iv. چار غزل گو شعرا کے نام لکھیے

سوال نمبر 6: پروجیکٹ ورک 6

(الف) کمپیوٹر کے ذریعہ ہونے والے سبھی کاموں کی وضاحت کیجیے اور یہ بھی بتایئے کہ آج کے عہد میں کمپیوٹر ہماری زندگی کے کتنے قریب ہے؟ (L.N.33A)

یا

(ب) الیکٹرونک میڈیا کی تعریف لکھیے الیکٹرونک میڈیا اور پرنٹ میڈیا میں فرق بتایئے، ساتھ ہی یہ بھی بتایئے کہ آج الیکٹرونک میڈیا میں اردو کی کیا اہمیت ہے؟ (L.N.33B)